بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ + عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۷ | پیر ۲۰ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ ۲۶ فتح ۱۳۶۲ش ۲۶ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۹۱

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اہم اعلان

حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق

تازہ اطلاع ○ (مورخہ ۲۴ دسمبر ۱۹۸۳ء)

متلی کی وجہ سے طبیعت ناساز ہے اور کمزوری بہت زیادہ ہے

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے سارے خطرات ٹال دے گا!

جلسہ سالانہ کے انتظامات دعاؤں کی شمولیت کے بغیر اطمینان بخش نہیں ہو سکتے!

حسن اخلاق کا اونچا نمونہ پیش کریں آپ کے صبر کا معیار غصہ دلانے والے کے معیار سے بلند تر ہونا چاہیئے

جلسہ سالانہ کے انتظامات کے باضابطہ افتتاح کے موقعہ پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا خطاب:

ربوہ ۲۲ فتح دسمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج یہاں تیسرے پہر دفتر جلسہ سالانہ میں جماعت احمدیہ کے ۹۱ ویں جلسہ سالانہ کے انتظامات کا باضابطہ افتتاح فرماتے ہوئے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے سارے خطرات ٹال دے گا۔ اگر خدا تعالیٰ کا حکم نہ ہو تو بجلی کے کڑکے کوئی نقصان نہیں پہنچائینگے۔ اور یہ گرجتے بادل دیکھتے ہی دیکھتے کوئی نقصان پہنچائے بغیر نکل جائینگے انشاء اللہ!

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ چار بج کر دس منٹ پر دفتر جلسہ سالانہ تشریف لائے جہاں پر جلسہ سالانہ کی تمام نظامتوں کے ناظم ان کے نائبین اور معاونین ترتیب وار نصف دائرہ نما جگہ میں کھڑے تھے۔ حضور کی آمد سے قبل نائب افسر جلسہ سالانہ محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے کارکنوں کو ہدایات دیں۔ حضور کی آمد پر افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے حضور کا استقبال کیا۔ حضور نے بیرونی ممالک سے آئے ہوئے چند مہمانوں کو شرف مصافحہ عطا فرمایا اور صدر جگہ پر رونق افروز ہوئے۔ کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم لئیق احمد صاحب طاہر نے کی۔ بعد ازاں حضور نے خطاب کا آغاز فرمایا۔

حضور نے سب سے پہلے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ جلسہ کے سارے انتظامات کی اس وقت تک کوئی تسلی نہیں ہوتی جبتک اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی شمولیت کا اطمینان نہ ہو اس لئے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ دعاؤں کو انتظامات کے ساتھ شامل رکھیں جو توفیق اب تک ملی ہے وہ دعا کے ذریعہ ملی ہے اور جو توفیق مزید ملے گی وہ بھی دعا کا نتیجہ ہوگی۔ سب مل کر اتنی دعائیں کریں کہ سارا ربوہ دعاؤں سے معمور ہو جائے۔ ہر دل سے وہ دھواں اٹھے جو آسمان تک جائے اور اللہ کی رحمت کو کھینچ لائے۔

حضور نے فرمایا۔ موسم بھی کچھ اکھڑا اکھڑا سا ہے جس کے نتیجے میں بخار اور وبائیں پھیل رہی ہیں۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ جو وقت مناسب سمجھے اس پر بارش فرما دے اور یہ بارش جلسے کے مہمانوں کے لئے سہولت کا موجب بنے تکلیف کا موجب نہ بنے۔

حضور نے جلسہ کے کارکنوں کو بچوں اور بڑوں کا خاص خیال رکھنے کی تلقین فرمائی جن کے پاس سردی کے مناسب حال کپڑے نہیں ہیں ان کو کپڑے دینے کی تاکید فرمائی اور فرمایا کہ اگر ان کے پاس کپڑے میسر نہ ہوں تو بلا تردد فوراً مجھے بتایا جائے میں خود انتظام کروں گا۔

حضور نے نماز کی طرف بھی خصوصی توجہ دلائی اور فرمایا کہ ایک سیکرٹری برائے نماز مقرر کیا جائے جس کا کام ہی یہ ہو کہ وہ مصروفیت میں پھنسے ہوئے کارکنوں کو نماز کی ادائیگی کی سہولت پہنچائے۔ حضور نے فرمایا نماز کی اہمیت اور جلسہ کے مقاصد کی اہمیت ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ اگر ہم عبادت سے غافل ہو گئے تو جلسہ کا انعقاد بے فائدہ ہو جائے گا۔

حضور نے کارکنوں پر اخلاق حسنہ اور نرمی و محبت اختیار کرنے پر زور دیا اور فرمایا آپ اخلاص سے آنے والے مہمانوں کی راہوں میں محبت اور پیار سے بچھ جائیں۔

جماعت کی مخالفت کے بارے میں فرمایا آج کل اس میں شدت ہے اس لئے احتیاطی تدابیر اور صبر و تحمل کا غیر معمولی مظاہرہ ضروری ہے۔ ہمارے صبر کا معیار غصہ دلانے والے کے معیار سے اونچا ہونا چاہیئے۔ جو گالی بھی دے اس کو صبر سے سن کر اسے دعا دیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا نمونہ یہی ہے اور یہی ہماری جماعت کی شان ہے دوسرا پہلو احتیاط کا یہ ہے کہ شرارت سے باخبر رہیں۔ جلسہ کے موقع پر پہلے اس قسم کے واقعات ہو چکے ہیں جن سے بڑی سخت مشکل پیش آ سکتی تھی مگر اللہ نے اپنے فضلوں سے محفوظ رکھا خدمت خلق کے شعبہ تو اپنے طور پر کام کرتا ہی ہے اس موقع پر ہر احمدی کو ہوشیار رہنا چاہیئے اور اس میں بھی دعا سے کام لینا ضروری ہے۔

حضور نے تاکید فرمائی کہ سب دوست اللّٰھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذ بک من شرورھم کی دعا بکثرت پڑھتے رہیں۔

حضور نے فرمایا اللہ اپنے فضل سے سب خطرات ٹال دے گا۔ یہ گرجتے بادل دیکھتے ہی دیکھتے بغیر کوئی نقصان پہنچائے گزر جائیں گے۔ اگر خدا کا حکم نہ ہو تو بجلی کے کڑکے

(باقی صفحہ ۲ پر)

ربوہ: ۲۳ فتح دسمبر آج یہاں نماز جمعہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد اقصیٰ میں پڑھائی اور خطبہ ارشاد فرمایا:۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اہل ربوہ اور کارکنان کو جلسہ سالانہ کے انتظامات کے بارے میں اہم ہدایات سے نوازا۔ حضور نے خصوصی طور پر بازار کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ فرمایا کہ بازاروں میں ٹولیاں بنا کر نہ کھڑے ہوں۔ ہمارے طریق اور معمول کے عین مطابق عورتیں الگ رستے پر چلیں مرد الگ رستے پر چلیں تاکہ صحیح اسلامی معاشرے کا نقشہ سامنے آئے۔ رستے میں سے گندی اور تکلیف دہ چیزیں ہٹائیں۔ بازاروں میں اونچی آواز سے ایسا کلام نہ کریں جو ربوہ کے معاشرے کے خلاف ہو۔ ربوہ شہر کو گندی مغلظات بکنے کے داغ سے محفوظ رکھیں۔

دکانداروں کے بارے میں حضور نے فرمایا دکاندار گاہکوں میں سے عورتوں کو پہلے سودا دیں اور دکاندار یہ کوشش کریں کہ عورتوں کی جگہ اور مردوں کی جگہ علیحدہ علیحدہ ہو۔ دکاندار آنے والے گاہکوں سے تلخ کلامی نہ کریں۔

حضور نے دکانداروں کو فرمایا کہ زائد نفع لینے سے پرہیز کریں۔ جلسہ کے دنوں میں زیادہ کی بجائے کم نرخوں پر چیزیں دیں تاکہ آپ کے حسن اخلاق کی یہ تبلیغ ساری دنیا میں پھیل جائے اور باہر سے آنے والے احمدیوں کو ٹھوکر نہ لگے حضور نے فرمایا جو دکاندار پچاس کی دو اسو میں دیتے ہیں اور رات گئے آنے والوں کی مجبوری سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ایسے دکانداروں کو ربوہ میں نہیں ہونا چاہیئے۔ اور اگر کوئی دکاندار ایسے ہوں تو ان کی دکانیں بند کروا دینی چاہئیں۔ امور عامہ اس سلسلے میں کارروائی کرے۔

حضور نے فرمایا گھروں سے ریڈیو کی آوازیں نہیں آنی چاہئیں۔ اگر بعض نے سارا سال اس معاملے میں غفلت کی ہے تو ان چند دنوں میں تو اس کی پابندی کریں اس کی بجائے اچھے کلام کی آوازیں آنی چاہئیں۔ گھروں میں جھگڑا بالکل نہ ہو۔ نمازوں کے اوقات میں مہمانوں کو یہ نہ

(باقی صفحہ ۲ پر)

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(بقیہ خطاب)

کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ ان شاء اللہ اللہ کا فضل شامل حال رہنا چاہیئے اور ہمیں اس کے لئے بھرپور دعاؤں میں لگ جانا چاہیئے۔

خطاب کے بعد حضور نے دعا کرائی اور اس کے بعد کارکنان کی طرف تشریف لے گئے اور ناظمین کو شرف مصافحہ عطا فرمایا۔ بعد ازاں حضور دفتر جلسہ سالانہ تشریف لائے اور ناظمین جلسہ اور بیرونی ممالک کے مہمانوں کے ساتھ چائے نوش فرمائی۔ بعد ازاں حضور نے یہاں بھی دعا کرائی۔ اس کے بعد حضور افسر جلسہ سالانہ کے ہمراہ وقف جدید اور انصار اللہ کا نو تعمیر گیسٹ ہاؤس دیکھنے تشریف لے گئے جہاں پر ایک ایک کمرہ اور غسلخانہ وغیرہ ملاحظہ فرمائے۔ جس کے بعد حضور واپس تشریف لے گئے۔

درخواست دعا

میرے پھوپھی زاد بھائی سید محمود احمد شاہ صاحب عرصہ ۳ ہفتہ سے یرقان کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور کراچی میں ہسپتال میں داخل ہیں۔ ان کی صحت کے دعا کی درخواست ہے۔

(سید مبشر احمد۔ پی اے ایف۔ کراچی)

میری چھوٹی ہمشیرہ عزیزہ محمودہ بیگم بنت نیاز احمد عارف پنڈ بیگووال (اسلام آباد) پر دائیں طرف فالج کا حملہ ہوا ہے جس کا اثر کافی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ عزیزہ کو جلد کامل صحت عطا فرمائے۔

(مظفر احمد جاوید بیگووال)

(بقیہ خطبہ جمعہ)

کہنا کہ وہ نمازوں کے لئے جائیں ان پر زیادتی ہے جب نماز کا وقت آئے تو میزبانوں کو چاہیئے کہ وہ مہمانوں سے کہیں کہ آپ ہمارے گھر میں نہ بیٹھیں اللہ کے گھر میں جائیں۔ حضور نے فرمایا گھروں میں سیرت کے مضامین پر باتیں کریں۔ حضرت مسیح موعود اور بزرگوں کے واقعات بیان کریں۔

حضور نے فرمایا ایک عمومی نصیحت یہ ہے کہ جلسہ کے ایام میں کرکٹ کی کمنٹری بھی نشر ہوگی۔ ایک بھی گھر میں جلسہ کے اوقات میں کمنٹری نشر نہیں ہونی چاہیئے۔ اور نہ ہی کوئی نوجوان کمنٹری سنے اور کوئی بھی جلسہ میں جانے سے محروم نہ رہے۔ حضور نے فرمایا کرکٹ یا اس کی کمنٹری بری چیز نہیں۔ لیکن جب ان کا مقابلہ خالص دینی ضرورتوں سے ہو جائے تو دینی ضرورتوں کے مقابلے پر یہ حرام ہو جاتی ہیں۔ حضور نے فرمایا۔ اگر آپ اللہ کی محبت کی خاطر کمنٹری سننے سے احتراز کریں گے تو آپ کا یہ فعل کمزور تیم کے حق میں دعا بن جائے گا۔

حضور نے فرمایا جلسہ کے سارے دنوں میں اپنے اوقات کو دعاؤں سے معطر رکھیں۔ ربوہ کو دعا کا سمندر بنا دیں۔ ان ایام میں خصوصیت سے چلتے پھرتے۔ اٹھتے بیٹھتے دعائیں اور ذکر الٰہی کریں۔ حتیٰ کہ آپ کو نیند آجائے۔ تب اور مسلسل جاری رہنے والا ذکر الٰہی آپ کی نیند میں بھی شامل ہو جائے۔

حضور نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اور آنے والے مہمانوں کو بھی ہر شر سے محفوظ رکھے اور اپنی پناہ میں رکھے۔ آمین!

بیرون پاکستان تحریک جدید سال نو کے وعدے قریباً چالیس لاکھ روپے ہو گئے

بیرون پاکستان سے ملنے والی تازہ اطلاعات کے مطابق تحریک جدید سال نو کے وعدہ جات ڈیڑھ ماہ کے عرصہ میں قریباً چالیس لاکھ روپیہ تک پہنچ گئے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ ابھی بعض جماعتوں کی طرف سے وعدے آنا باقی ہیں۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ تمام وعدہ کنندگان کے اموال و نفوس میں برکت ڈالے۔ دائمی خوشیاں عطا فرمائے اور بیش از پیش قربانیوں کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین۔

(وکیل المال (ثانی) تحریک جدید۔ ربوہ)

تبصرہ کتب

فقہ احمدیہ حنفیہ

نام کتاب:۔ فقہ احمدیہ حنفیہ، مرتب تدوین فقہ کمیٹی سلسلہ عالیہ احمدیہ
شائع کردہ:۔ نظارت اشاعت صدر انجمن احمدیہ ربوہ۔
سائز: بڑا۔ صفحات: ۱۴۰۔ قیمت: ۱۰/- روپے

یہ کتاب جماعت احمدیہ کی تاریخ کی ایک اہم کتاب ہے اور اس کی شکل میں جماعت احمدیہ کے فقہ کی ایک مستند دستاویز منظر عام پر آئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب فقہ احمدیہ کی جلد اول ہے جو پرسنل لاء یعنی نکاح، طلاق، خلع اور وراثت کے بارے میں اسلامی احکام پر مشتمل ہے۔

اس کتاب کی تاریخ یہ ہے کہ ۱۹۷۶ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے فقہ احمدیہ کی باقاعدہ تدوین کے لئے نو اراکین پر مشتمل ایک کمیٹی قائم فرمائی جس نے یہ مسودہ مرتب کیا۔ اس کمیٹی کے صدر محترم مولانا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ اور سیکرٹری محترم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ تھے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بھی اس کمیٹی کے رکن تھے اور مسودہ کے بیشتر حصہ کے مسائل کو جمع کرنے ان کی تحقیق و ترتیب میں حضور کا اہم ہاتھ تھا۔ اس کام میں حضور کے علاوہ جن بزرگوں نے اہم خدمات انجام دیں ان میں حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب مرحوم و مغفور اور محترم ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ قابل ذکر ہیں۔ اس مسودے کو ابتدائی تیاری کے بعد مختلف علماء کرام اور قابل وکلاء نے بڑی گہری نظر سے جانچا اور غور سے دیکھا۔ اس کتاب کے پیش لفظ میں لکھا ہے:۔

"فقہ احمدیہ حنفیہ کا جو حصہ اس وقت پیش کیا جا رہا ہے وہ نکاح اس سے متعلقہ امور اور وراثت کے مسائل پر مبنی ہے۔ یہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے بعد شائع کیا جا رہا ہے جماعت احمدیہ اس فقہ کی پابند ہے اور یہ فقہ مندرجہ امور پر جماعت احمدیہ کے فقہی مذہب کی مستند دستاویز ہے۔" (ص ۵)

اس کتاب کی اہمیت ظاہر و باہر ہے۔ علمی افادیت کے لحاظ سے اس کتاب کی اشاعت بہت ضروری ہے تاکہ سب احمدیوں کو جملہ فقہی مسائل سے آگاہی ہو اور دین اسلام کی صحیح شکل ان کے سامنے آجائے۔

(ی۔ س۔ ش)

عالمگیر زبانوں کا شبینہ اجلاس

جلسہ سالانہ ۱۹۸۳ء کے موقع پر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے شعبہ تحریک جدید کے زیر اہتمام مورخہ ۲۷ دسمبر بوقت ۷ بجے شام مسجد اقصیٰ میں دنیا بھر کی چالیس سے زائد زبانوں کا ایک دلچسپ اور تاریخی دیدہ اجلاس ہوگا۔ جو اس صداقت کا زندہ نشان ہوگا کہ:۔

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔"

غیر ملکی نمائندے اپنی زبان میں مختصراً حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک پیشگوئی کا اقتباس پیش فرمائیں گے۔

نیز آسٹریلیا کی مسجد کے سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب وی سی آر پر دکھائی جائے گی

اس دلچسپ اجلاس کے ایمان افروز واقعات کو سننے اور دیکھنے کے لئے خود بھی تشریف لائیں اور اپنے ساتھیوں کو بھی ہمراہ لائیں۔

(مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ)

ورلڈ احمدیہ ویٹرنری ایسوسی ایشن کا قیام

جملہ ویٹرنری ڈاکٹر صاحبان توجہ فرمائیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے ورلڈ احمدیہ ویٹرنری ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ حضور انور نے محترم ناظر صاحب امور عامہ کو ایسوسی ایشن کا سرپرست اور خاکسار کو صدر مقرر فرمایا ہے۔ ایسوسی ایشن کا پہلا اجلاس مورخہ ۲۷ دسمبر بروز منگل ۸ بجے شب خلافت لائبریری میں منعقد ہوگا۔ جملہ ویٹرنری ڈاکٹر صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس اجلاس میں شرکت فرمائیں اور ضروری کارروائی میں حصہ لیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

ایڈریس ۱۸/۷ دارالصدر غربی ربوہ

جلسہ سالانہ کے دوران رابطہ کے لئے دفتر نظامت گوشت لنگر خانہ ۷ دارالرحمت شرقی ربوہ

(ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صدر ورلڈ احمدیہ ویٹرنری ایسوسی ایشن ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

لذیذ چرغہ ہاؤس

فخریہ پیشکش: سٹیم روسٹ چرغہ سادہ و روغنی نان

بیاہ شادیوں اور پارٹیوں کے لئے آرڈر پر بنوائیں۔ (فضل الٰہی مارکیٹ)

کالج روڈ۔ بالمقابل جامعہ احمدیہ۔ ربوہ:

شارٹ ٹنڈر نوٹس

محکمہ انہار کے منظور شدہ ٹھیکیداران سے مندرجہ ذیل کاموں کے سربمہر ٹنڈر مطلوب ہیں۔ ٹھیکیداران ۱۹۸۳ء کے لئے جمع شدہ فیس کی رسید ساتھ لائیں۔

ٹھیکیداران کو کمپوزٹ شیڈول آف ریٹ ۱۹۷۹ء کی بنا پر فیصد ریٹ دینا ہوگا۔

ٹھیکیداران کو زرضمانت کی صورت میں ڈیپازٹ کال کسی بھی نیشنل بنک جھنگ سے داخل کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر ٹنڈر قابل غور نہیں ہوگا۔

ٹنڈر فارم ہیڈ کلرک سے زیر دستخطی کے دفتر میں بعوض مقررہ قیمت (ناقابل واپسی) حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

کام محکمہ کی منظور شدہ ہدایات اور نقشے کے مطابق ہوگا۔ تفصیلات زیر دستخطی کے دفتر میں کسی بھی دفتری اوقات میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

ٹنڈر مورخہ ۳/۱/۸۴ کو بوقت ۱۱ بجے دوپہر زیر دستخطی کے دفتر میں وصول کئے جائیں گے۔ اور اسی وقت حاضر ٹھیکیداران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے

کسی ٹنڈر کو بغیر وجہ بتلائے منظور یا مسترد کرنے کا اختیار افسر مجاز کو ہوگا۔ دیگر شرائط ایگریمنٹ کے مطابق ہوگی۔

نمبر شمار	کام کا نام	تخمینہ لاگت	زرضمانت	مدت
۱۔	تریموں بیراج کے اوپر کی طرف رائٹ گائڈ بند کے پتھر والے اپرن از نمبر لائن ۲۲ تا ۴۱ کی مرمت کرنا	۱۷۶۰۰۰	۳۵۲۰	دو ماہ
۲	تریموں بیراج کے اوپر کی طرف لفٹ گائڈ بند کے پتھر والے اپرن از نمبر لائن ۴ تا ۱۲ کی مرمت کرنا	۱۷۶۰۰۰	۳۵۲۰	"
۳۔	حویلی مین لائن نہر کی پل از برجی نمبر ۱۵۳۰۰۰ سلیبوں کی مرمت کرنا	۲۰۰۰۰۰	۴۰۰۰	ایک مہینہ

مارک نذیر حسین

مہتمم انہار تریموں بیراج۔ ضلع جھنگ

IPL 9864

مشہور دواخانہ

(حکیم نظام جان مرحوم والا)

کا

تبلیغی مستورات

کے ایام جلسہ میں مصروف عمل ہوگا

(انشاء اللہ تعالیٰ)

منیجر۔ مشہور دواخانہ گوجرانوالہ ربوہ

کڈنی سٹون کورس (40 روزہ) 150/-

Kidney Stone Course

گردہ مثانہ کی جملہ ادویات کا لٹریچر و نرخنامہ فری

یورالوجی کیور سنٹرز

لاہور: کیور ٹیو سٹورز اینڈ ڈسپنسری اچھرہ شاپنگ سنٹر

لاہور: مبشر میڈیکوز، چوک میو ہسپتال

لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ مال روڈ چوک انارکلی

لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹورز نزد نہر چوک مغلپورہ

لاہور: افضل میڈیکل سٹور، ملتان روڈ چوک تیم خانہ

فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار

ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار

سرگودھا: العزیز میڈیکوز چوک سبزی منڈی

ہر ضلع میں یورالوجی کیور سنٹر بننے کیلئے باحیثیت پارٹیاں رجوع فرمائیں

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ فون 606-607

حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ

کے مجرب نسخہ جات

قادیان کا قدیمی مشہور نسخہ

سرمہ نور رجسٹرڈ

سرمہ نور والوں کا

نورانی کاجل

تیار کردہ

شفاخانہ رفیق حیات

گول بازار۔ ربوہ

ضروری اعلان

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس کی اشاعت بڑھا کر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے۔

(منیجر الفضل ربوہ)

بوٹر والی گولیاں

رجسٹرڈ ٹریڈ مارک

مکمل کورس برائے ۳ جلسہ سالانہ کے ایام

موقع پر بالمقابل ایوان محمود اقصیٰ روڈ پر ربوہ میں

قاضی دواخانہ چک چھٹہ رجسٹرڈ حافظ آباد گوجرانوالہ

چھوٹے بچوں کے لئے!

شناختی جیبی کارڈ

دفتر معلومات، دفتر استقبال

یا

دواخانہ حکیم نظام جان

سے حاصل کریں:

جلسہ سالانہ

کے مبارک موقع پر

احباب جماعت میں ایک عمدہ پیشکش اور ایک بیج جو (۱) کلمہ طیبہ (۲) آیت قرآنی فاستبقوا الخیرات اور LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE پر مشتمل ہے۔ خریدیئے

(نیز)

مشینری سپیئر پارٹ بنوانے کیلئے رجوع فرمائیں

پروپرائیٹر:۔ سید منیر احمد

تعاون: مائیکرو انجینئرنگ ورکس

چوک اہل حدیث جہلم

دکھی مخلوق کی خدمت میں مصروف

سنہ ۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

دواخانہ حکیم نظام جان

فون ربوہ ۵۵۸

فون: ۷۳۹۹۷

اقصیٰ چوک ربوہ پوسٹ بکس ۲۲۲۰

چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد دکھی عورتوں کیلئے

پُرامید واحد علاج گاہ

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مخلص احمدی نوجوان ڈاکٹر طیب عارف حادثہ میں وفات پا گئے

انا للہ وانا الیہ راجعون ○

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی طرف سے خطبہ جمعہ میں مرحوم کے اوصافِ حمیدہ کا نہایت محبت بھرا تذکرہ:

ربوہ: ۲۳ فتح / دسمبر۔ احباب کو نہایت افسوس سے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ایک نہایت مخلص اور نیک سیرت نوجوان مکرم ڈاکٹر طیب عارف صاحب ابن محترم مولانا محمد یار عارف صاحب، سابق مبلغ انگلستان کار کے حادثے میں مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۹۸۳ء سہ پہر وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحوم کی عمر ۲۷ سال تھی

موصوف راولپنڈی سے سرگودھا آ رہے تھے کہ ڈنگہ کے قریب ایک معصوم بچی کو بچانے کی کوشش میں ان کی کار الٹ گئی جس سے وہ موقع پر ہی انتقال کر گئے۔ ان کا جنازہ اسی رات ۱۰ بجے سرگودھا لایا گیا جہاں پر احباب جماعت نے ان کی نماز جنازہ ادا کی۔ اگلے روز صبح ۱۱ بجے کے قریب جنازہ ربوہ لایا گیا۔ جہاں پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے جمعہ کی نماز کے بعد مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد مرحوم کو عام قبرستان میں دفن کر دیا گیا۔ تدفین کے بعد مرحوم کے والد محترم مولانا محمد یار عارف صاحب نے دعا کرائی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے جمعہ کے خطبہ ثانیہ میں مرحوم کا نہایت اچھے الفاظ میں ذکر فرمایا۔ حضور نے فرمایا میں جمعہ کی نماز کے بعد ایک نہایت مخلص اور پیارے نوجوان کی نماز جنازہ پڑھاؤں گا۔ یہ نوجوان غالباً جلسے پر آنے کے لئے راولپنڈی سے سرگودھا آ رہے تھے کہ ایک معصوم بچی کو بچاتے ہوئے ان کی کار الٹ گئی۔ ایک تو یہ پاکیزہ مقصد دوسرے ایک معصوم بچی کی جان بچاتے ہوئے ان کا وفات پا جانا ایک رنگ میں شہادت کا درجہ رکھتا ہے۔ حضور نے فرمایا میں اس نوجوان سے اس کی طالب علمی کے دور میں اس وقت متعارف ہوا جب میں احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کا پیٹرن تھا۔ یہ نوجوان دینی کاموں میں صف اول میں ہوتے اور جماعتی کاموں سے بہت ہی محبت رکھتے تھے۔ ڈاکٹر بننے کے بعد بھی انہوں نے بڑے اخلاص سے اپنی خدمات کو جماعت کے لئے پیش کیا۔

حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنی مشیت کو بہتر سمجھتا ہے۔ حضرت موسیٰ کا جو روحانی کشتی سفر قرآن میں بیان ہوا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ موت بھی بعض اوقات رحمت بن جاتی ہے۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کل کیا ہونے والا ہے ہم مستقبل سے لاعلم ہیں اور ہم قرآنی تعلیم کے مطابق اللہ تعالیٰ کی رضا پر پورے طور پر راضی ہیں اللہ تعالیٰ اس نوجوان کو غریق رحمت کرے اور والدین۔ بھائی اور بہنوں کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین!

مرحوم ڈاکٹر طیب عارف صاحب نے حال ہی میں ایم بی بی ایس کیا تھا ان کا ایک پرچہ باقی رہتا تھا۔ اس درمیانی عرصہ کو گزارنے کے لئے اور اپنی بیمار والدہ کی تیمارداری کی خاطر اپنے گھر میں ہی ایک کلینک بنا رکھا تھا۔ مرحوم ابھی غیر شادی شدہ تھے ان کے ایک بھائی مکرم طاہر عارف صاحب سی ایس ایس ہیں اور محکمہ پولیس میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں۔ بھائی کے علاوہ مرحوم کی دو بہنیں ہیں۔ حادثے میں ان کی ایک ہمشیرہ بہنوئی مکرم امجد ورک صاحب ساتھ تھے۔ مکرم امجد ورک صاحب بھی زخمی ہوئے اور وہ اس وقت سی ایم ایچ اوکاڑہ میں داخل ہیں۔ ہمشیرہ اور ان کے بچوں کو معمولی چوٹیں آئیں۔

مرحوم کے والد صاحب بہت ضعیف ہیں اور والدہ محترمہ شدید بیمار ہیں اور چند دن سے نیم بیہوش ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے بھائی والدین اور بہنوں کو اس جانکاہ صدمہ پر صبر جمیل کی توفیق دے اور مرحوم کو اپنے فضلوں سے اپنی رحمت میں جگہ دے اور اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹ لے۔ آمین!

احمد گرائنڈنگ مشین والوں کی طرف سے جلسہ سالانہ مبارک ہو
ہر نقطۂ نظر سے پسندیدہ ہلدی۔ مرچ۔ دھنیا۔ نمک خالص اور معیاری مصالحہ جات
بیاہ شادی دعوتوں کے لئے اور بہترین ڈرائی فروٹ خریدنے کے لئے تشریف لاویں: چمن مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ
پروپرائٹر: حاجی شیخ منیر احمد ۔ حاجی ادریس احمد ۔ داؤد احمد

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر
طالب علموں کے لئے کاپیوں پر لگانے والے سٹیکر ہمارے ہاں سے حاصل کریں:
منیجر دواخانہ نظام جان
اقصیٰ چوک۔ ربوہ

ذیشان
ڈیپارٹمنٹل سٹور اقصیٰ روڈ ربوہ
پولکا آئس کریم ○ بکڈپو ○ جنرل سٹور کی جملہ اشیاء ○ سپورٹ فروزن شامی کبابوں اور بیکری کی جملہ اشیاء کیلئے تشریف لائیں

ہمارے ہاں ہر قسم
کا سامان رعائتی قیمت پر دستیاب ہے
منیاری ۔ سٹیشنری ۔ ہوزری
جیولری وغیرہ کیلئے
سلور سینڈ جنرل اسٹور
فضل الٰہی مارکیٹ کالج روڈ ربوہ پر
پر تشریف لاویں

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو
خوش ذائقہ
حضرت حکیم نظام جان رح
کا
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ
عورتوں کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے
منیجر: محمود احمد
اقصیٰ چوک نزد ٹیکسی ربوہ

قرآن مجید (معہ ترجمہ و تفسیر)
مولفہ ——— الحاج پیر صلاح الدین
دیدہ زیب کتابت کے ساتھ اعلیٰ کاغذ پر طبع شدہ قریباً تین ہزار صفحات پر مشتمل
چار جلدوں کا مکمل سیٹ
نہایت آسان سلیس اور رواں ترجمہ۔ مختصر مگر جامع تفسیری نوٹس جلسہ سالانہ کے موقع پر نصرت آرٹ پریس گولبازار ربوہ اور دیگر کتب فروشوں سے خرید فرمائیں۔
ہدیہ مکمل سیٹ صرف یک صد ساٹھ (۱۶۰/-) روپے
شائع کردہ: قرآن پبلیکیشنز ◉ اسلام آباد

کیورٹیو میڈیسن کمپنی اور کلینک
چوک گولبازار ربوہ میں منتقل ہو چکے ہیں۔ پہلی عمارت میں اب صرف ادویات کا سٹور ہے۔ احباب کی معلومات اور سہولت کے لئے جلسہ سالانہ (۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر) کے دنوں میں گول بازار میں مسجد المہدی سے ملحقہ میدان میں کیورٹیو نمائش منعقد کی جا رہی ہے۔ جہاں کیورٹیو سسٹم آف میڈیسن سے متعلق ادویات لٹریچر اور معلومات آپ بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔
منیجر کیورٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون نمبر ۶۰۶